نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731,99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی رواں ماہ کے دوران کھادوں کی زائد قیمت وصولی پر ڈیلرز کے خلاف کاروائیاں

لاہور: 08جنوری 2024(   )ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکاروں کو مقررہ نرخوں پر معیاری کھادوں کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے سخت کریک ڈاؤن کیا جارہا ہے۔کاشتکاروں کا استحصال کسی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس ضمن سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ کی زیرِنگرانی کھادوں کی مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کیلئے محکمہ زراعت کی ٹیمیں پوری طرح متحرک ہیں اور مہنگے داموں کھادوں کی فروخت میں ملوث افراد کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ صوبہ بھر میں رواں ماہ کے پہلے سات دنوں میں کھادوں کی زائد قیمتوں پر فروخت میں ملوث **303** ڈیلرز کے خلاف ایکشن لیا گیا۔ان میں سے 144 افراد کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج بھی کرایا گیا ہے اور **72**افراد کو موقع پر گرفتار کیا گیا۔اس کے علاوہ کھادوں کی زائد قیمت پر فروخت کرنے والے **155** ڈیلرز کو **34لاکھ 41ہزار** روپے سے زائد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ کھادوں کے **3279 تھیلے** ضبط کئے گئے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار کھادوں کی ذخیرہ اندوزی یا بلیک مارکیٹنگ کرنے والے عناصر کے خلاف محکمہ زراعت کے متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت، ڈپٹی ڈائریکٹر یا ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کو اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔اس کے علاوہ بروز سوموار تا ہفتہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک زرعی ہیلپ لائن کے نمبر **0800-17000** پر بھی اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔شکایت موصول ہونے پر فوری کاروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆